SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
July 28, 2016

ایس ای سی پی کی وساطت سے بیمہ کمپنیوں اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے درمیان معاہدہ

اسلام آباد، ۲۸ جولائی: ایس ای سی پی کی وساطت سے پاکستان میں کام کرنے والی بیمہ/تکافل کمپنیوں اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) کے مابین بیمہِ صحت کے لئے سینٹرلائزڈ انفارمیشن شیئرنگ سلوشن (سی آئی ایس ایس آئی آئی) میں شامل ہونے کے معاہدے پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ ۲۸ جولائی ۲۰۱۶ کو ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں طے پایا۔ اس معاہدہ پر بیمہ/تکافل کمپنی کے مجاز اہلکاروں اور جناب محمد حنیف جاکھورا، سی ای او-سی ڈی سی نے دستخط کئے۔ تقریب کی صدارت جناب فدا حسین سمّوں، کمیشنر بیمہ، ایس ای سی پی، نے کی اور دیگر شرکاء میں جناب علی عظیم اکرام، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر بیمہ اور سی ڈی سی اور ایس ای سی پی کے دیگر اعلیٰ عہدے داران شامل تھے۔

سی آئی ایس ایس آئی آئی انشورنس انڈسٹری ریفارم کمیٹی (آئی آئی آر سی)، ایس ای سی پی اور سی ڈی سی کی اس کاوش کا مقصد ٹیکنالوجی کے استعمال سے بیمہ صنعت میں انقلاب لانا ہے۔ سی آئی ایس ایس آئی آئی کا آغاز سی ڈی سی نے ایک مرکزی الیکٹرانک ڈیٹا بیس اور الیکٹرانک کلیمز رجسٹر کے طور پر کیا ہے جس کے ذریعے تمام سٹیک ہولڈرز آسانی سے معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جو فائلڈ کلیمز کے انتظام سے منسلکہ خدشات کو بڑی حد تک کم کر دے گا۔ سی آئی ایس ایس آئی آئی کا آغاز اپریل ۲۰۱۴ کو سات نجی حیاتی بیمہ کمپنیوں کے استقرار سے ہوا۔ بیمہِ صحت کے شعبے میں یہ معاہدہ سی آئی ایس ایس آئی آئی بیمہ کی صنعت میں اعلیٰ درجے کی شفافیت اور استعداد کو یقینی بنائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432

یہ بیمہ صنعت کو پچھلے سال کے فراہم کردہ کلیمز ڈیٹا کی بنیاد پر ضمہ نویسی کاروبار کے معیار کو مدد دے گا۔ اوّلین مرحلے میں اس کا نفاذ صرف زندگی کے بیمہ کی صنعت پر کیا گیا تھا۔ زندگی کے بیمہ کی صنعت کے مثبت ردِ عمل کے پیشِ نظر اب اس کا نفاذ بیمہِ صحت پر کیا جا رہا ہے اور اس کے بعد مزید دوسرے شعبوں پر بھی اس کو نافذ کیا جا سکے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432